
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : مسز قزلباش

دوسری جماعت کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی ''کشمش'' دوسری جماعت کے بچوں کو مختلف اور دلچسپ کارروائیوں کے ساتھ پڑھائی جا سکتی ہے۔ استاد کی دلچسپی ہر کارروائی میں مزید رنگ بھر سکتی ہے۔ ضروری نہیں کہ اساتذہ من وعن اسی رہنما پر عمل کریں۔ اپنے تعلیمی ماحول اور بچوں کی ذہنی صلاحیت کے پیش نظر کسی بھی مرحلے پر مناسب تبدیلی کی جا سکتی ہے۔ اس بات کا خیال رہے کہ کام دلچسپ ہو۔ ایک وقت میں ایک ہی طریقے کا کام زیادہ دیر تک کرنے سے اس عمر کے بچے عام طور سے گھبرا جاتے ہیں اور ان کی دلچسپی کام سے ہٹ جاتی ہے۔ کہانی کشمش میں انسان اور حیوان کی دوستی کو کہانی کا رنگ دیا ہے۔ جن بچوں کے پاس پالتو جانور نہیں وہ اس کہانی سے اپنے آپ کو قریب پائیں گے۔ اس کہانی کو پڑھاتے وقت ٹیچر وقتاً فوقتاً بچوں کو جانور سے پیار اور اس کی حفاظت کے بارے میں بھی سمجھاتی رہیں۔

## سیشن 1

25 منٹ
- ٹیچر کلاس میں گیند لے کر جائیں۔ کلاس میں داخل ہوتے ہی بچوں سے کہیں کہ آج ایک مزے کا کھیل کھیلیں گے۔ ایک بچہ بلی بنے گا۔ جس کا نام ہوگا ''کشمش'' ایک بچہ درخت بنے گا۔ (کسی لمبے بچے کا انتخاب کریں)۔ ایک لڑکا ''بڈو'' اور ایک لڑکی ''چیا'' بنے گی۔ چونکہ کشمش کی کہانی ٹیچر نے پہلے سے پڑھی ہوئی ہے اس لئے بچوں کو اس role play یا اداکاری کو کرتے وقت کہانی کی طرف لے آئیں۔ انہیں پہلے سے کہانی ہرگز نہ بتائیں نہ ہی کتاب دکھائیں۔

  بچوں کو چار چار کے گروپ میں بانٹ کر کہانی رول پلے کر وائیں۔

20 منٹ
- بچے اپنے imagination کو استعمال کرتے ہوئے ڈرامے کے ایک سین کو تصویری شکل میں بنائیں، اس میں رنگ بھریں اور کرداروں کو نام بھی دیں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- آج بچوں میں کتابیں تقسیم کرنے کے بعد ان سے ہر تصویر کے متعلق پوچھیں کہ آپ کے خیال میں اس میں کیا ہو رہا ہے؟ کہانی کے کرداروں، ان کے کپڑوں اور ان کے آس پاس کی چیزوں اور خاص طور سے تمام کرداروں کے چہرے کے تاثرات کے متعلق گفتگو کریں۔ بچے جو کچھ بھی رائے دیں ٹیچر غور سے سنیں۔ کوشش کریں کہ ٹیچر بچوں کی رائے سے اختلاف نہ کریں۔ اس طرح کی گفتگو سے بچوں میں اظہار رائے کرنے کی جرآت پیدا ہوتی ہے۔ خود اعتمادی آتی ہے۔

10 منٹ
- پہلے ٹیچر خود ایک مرتبہ بلند آواز میں الفاظ کے اتار چڑھاؤ اور چہرے کے تاثرات کے ساتھ کہانی پڑھ کر سنائیں۔ پھر چند ایسے بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں جن کی پڑھائی نسبتاً بہتر ہو۔ بعد میں چند دوسرے بچوں سے بھی کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔

25 منٹ
- اب ٹیچر چند آسان اور مشکل دونوں طرح کے نئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان لفظوں کے معنی سمجھائیں اور ساتھ ساتھ انگریزی کے معنی بھی بتائیں۔ الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔ گیند (ball) ۔ کھیل (game)۔ پالتو (tamed)۔ بیچاری (poor thing)۔ چڑھی (climb)۔ احساس (realization)۔

## سیشن 3

10 منٹ
- آج کلاس کے مختلف بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ ان میں کچھ ایسے بچے ہوں جو پڑھائی میں اچھے ہیں اور کچھ وہ ہوں جو اچھی طرح نہیں پڑھ سکتے۔

20 منٹ
- اب ٹیچر کچھ آسان اور مشکل الفاظ اور ان کا توڑنا بورڈ پر کریں۔ بعد میں بچے یہ کام کوپیوں میں اتاریں۔
  مثلاً کشمش = ک + ش + م + ش ۔ بڈو = ب + ڈ + و ۔ پالتو = پ + ا + ل + ت + و
  چیا = چ + ی + ا ۔ گیند = گ + ی + ن + د۔
- ٹیچر ان الفاظ کی گروپ میں پڑھائی بھی کر وائیں۔

15 منٹ • اب کلاس کے پانچ یا چھ بچوں کو کلاس کے سامنے بلائیں اور وہ بچے اپنے الفاظ میں کہانی سنائیں۔

## گھر کا کام

• گھر کے کام کے لئے چند حروف دیں اور انہیں جوڑنے کے لئے کہیں مثلاً د + ر + خ + ت
س + و + چ + ن + ے ۔ پ + ی + ڑ ۔ ب + ہ + ن ۔ ا + ت + ا + ر + ی۔

## سیشن 4

25 منٹ • ٹیچر بورڈ پر یہ نظم لکھیں۔

بلی میاؤں کرتی آئی
دودھ کو دیکھا اور للچائی
اس کی آنکھیں ہیں چمکیلی چمکیلی
دم ہے اس کی پھولی پھولی
دودھ اس نے مزے سے پیا
دیکھتے رہے بڈو اور چیا

اس نظم کو مل کر گائیں اور ٹیچر اسے یاد بھی کروائیں۔
(اس نظم کو یاد کرتے وقت بچے آخر میں اپنا اور اپنے بہن یا بھائی کا نام بھی کہہ سکتے ہیں)۔
اگر ممکن ہو تو اگلے روز صبح اسمبلی میں بچے اسے سنائیں۔ اس سے دوسرے بچوں میں بھی دلچسپی بڑھے گی۔

20 منٹ • اب بچے جملے بنائیں۔ جملوں کے لیے الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔ درخت، بلی، گیند، احساس، کھیل۔

جملے لکھتے وقت اگر کچھ بچوں کی ہجے غلط ہیں تو ٹیچر انہیں درگزر کر دیں۔ کیونکہ اس مشق کا مقصد بچوں کو جملے بنانا اور سکھانا ہے۔ ہجے درست کرنا نہیں۔

## سیشن 5

25 منٹ
- آج بچے اپنے پالتو جانور کی تصویر بنائیں گے۔ جن بچوں کے پاس کوئی پالتو جانور نہ ہو تو وہ ایسے جانور کا انتخاب کریں جو وہ پالنا چاہتے ہوں۔ یا وہ کوئی imaginery جانور بھی بنا سکتے ہیں۔ جب تصویر بن جائے تو ٹیچر سوفٹ بورڈ پر لگا دیں۔ اس کی heading یہ ہوسکتی ہے۔ ''کلاس 2 کے پالتو جانور''۔ بچے اپنے اپنے جانور کو ان کا نام بھی دیں۔

20 منٹ
- اب کلاس میں سوال جواب کا کام کر وائیں۔ بچے اپنی کتاب (کشمش) اپنے سامنے کھول کر رکھ لیں اور ٹیچر جو سوال دیں ان کے جواب خود کتاب سے تلاش کر کے لکھیں مثلاً

بڈو اور چیا کہاں کھیل رہے تھے؟
بلی کھڑی منہ کیوں تک رہی تھی؟
بے چاری کشمش اداس کیوں ہو گئی تھی؟
آخر کار گیند کیسے اتاری؟
کشمش کا رنگ کیسا ہے؟

### گھر کا کام

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کل وہ ایک جانوروں کے ڈوکٹر کو بلائیں گی۔ بچے گھر سے کسی بڑے کی مدد سے سوالات تیار کرکے لائیں جو وہ ڈوکٹر صاحب سے پوچھیں گے۔

## سیشن 6

45 منٹ
- آج ٹیچر کلاس میں کسی اچھے vet کو بلائیں۔ پہلے ٹیچر ان سے تعارف کر وائیں۔ اس کے بعد مہمان سے درخواست کریں کہ وہ جانوروں خاص طور سے پالتو جانوروں کے بارے میں بچوں سے بات چیت کریں۔ پھر بچوں کو اجازت دیں کہ وہ باری باری ان سے سوال کریں۔ ٹیچر بھی سوال کرتی جائیں۔ ایسے موقع پر اس بات کا لحاظ رہے کہ کلاس میں نظم و ضبط رہے۔


# سیشن 7

- آج بچے اپنی کوپی میں چار سے چھ لائنیں لکھیں جن میں یہ بتائیں کہ ڈوکٹر سے بات چیت کے بعد وہ اب اپنے جانور کا کس طرح خیال رکھیں گے اور یہ کیوں ضروری ہے۔ — 15 منٹ


- اب کہانی کی مختلف بچوں سے ایک دفعہ پڑھائی کر وائیں۔ — 10 منٹ

- ٹیچر بچوں کو کاغذ کے پالتو جانور بنانے کی ترکیب سکھائیں۔ اس فن کو origami کہتے ہیں۔ یہ کام ٹیچر خود بھی کرتی جائیں۔ ساتھ ساتھ بچے بھی بنائیں۔ بعد میں اپنے کتے بلیوں کی آنکھیں٬ منہ اور ناک بنائیں۔ (ٹیچر ایک بار کلاس میں آنے سے پہلے پریکٹس کر لیں)۔ — 20 منٹ


## کتا




ایک چوکور کاغذ لیں اسے آدھا موڑیں




تکون کو الٹ کر دونوں کونوں والی سائیڈ اوپر کرلیں



کونے نیچے موڑ کر کان بنائیں




نچلا کونا پیچھے موڑ دیں



کتا تیار ہے

# بلی




چوکور کاغذ کو آدھا موڑیں۔

پھر سے آدھا موڑیں تاکہ آگے کام کرنے کے لئے کاغذ
پر لائن آ جائے۔

اب اسے کھول کر اوپر کے کونے کو موڑیں۔

اب سائیڈ کے کونوں کو لائین کے ساتھ اوپر موڑیں

نچلا کونا بھی موڑیں۔



کاغذ کو پلٹ کر دیکھیں۔
بلی تیار ہے۔

## سیشن 8

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کچھ دیر بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال سے کہانی میں بچوں کے جو نام تھے وہ ان کے اصلی نام تھے۔ کیا ان کو اسکول میں بڈو اور چیا کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ بچوں کے جواب سنیں پھر ان سے pet names کے بارے میں بات چیت کریں۔ پہلے ٹیچر بچوں کو یہ بتائیں کہ ٹیچر کا اپنا pet name کیا ہے۔ پھر باری باری تمام بچوں سے بھی پوچھیں۔ اس سے بچوں میں اعتماد آئے گا' جھجک دور ہوگی اور کھل کر بات کریں گے۔

30 منٹ
- بچے جتنے جانوروں کے نام جانتے ہیں ٹیچر ان سے پوچھ کر بورڈ پر ایک فہرست بنا لیں۔ پھر بچوں سے انہیں جانوروں کے نام انگریزی میں بھی پوچھیں اور اردو کے ناموں کے ساتھ بورڈ پر لکھ لیں۔
- اگر بچے کچھ جانوروں کے نام صرف انگریزی ہی میں جانتے ہوں انہیں ان کی اردو کے ساتھ فہرست میں شامل کر لیں۔
- پھر تمام بچے یہ فہرست اپنی کوپیوں میں اتار لیں۔
- ٹیچر کی سہولت کے لئے ٹیچرز گائیڈ میں ایک فہرست دی جا رہی ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بلی | cat | ہرن | deer | بندر | monkey |
| کتا | dog | ہاتھی | elephant | مچھلی | fish |
| شیر | lion | مور | peacock | وھیل | whale |
| چوہا | rat/mouse | چڑیا | bird | طوطا | parrot |

- اگر بچوں نے ایسے جانوروں کے نام لیے ہوں جن کے انگریزی اور اردو دونوں میں نام ایک ہی

ہوتے ہیں۔ تو ٹیچر بچوں کو سمجھائیں کہ انگریزی کے بہت سے الفاظ اردو زبان میں بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔

## اضافی کام

- اس کتاب کو پڑھانے کے دوران کسی روز ٹیچر بچوں سے ان کے پالتو جانور منگوائیں۔ کسی ایک سیشن میں بچے اپنے اس پالتو جانور کے بارے میں بات چیت کریں۔ ٹیچر کو چاہیے کہ بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ اپنے پالتو جانور امی یا ابو کی حفاظت میں لائیں۔ تاکہ کام ختم ہونے کے بعد اسے واپس بھیجا جاسکے۔

# کشمش

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
پرنٹر : جے ۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk